© rasailojaraid.com



پرخلوص جذبات اور خلوص ومحبت کا شکریہ ادا کیا۔ اور نفاذِ اسلام کے لئے بھرپور جدوجہد کے عزائم کا اعلان کیا۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی طویل دعا پر یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔ اور اسی روز پھر سے صوبہ سرحد اور ملک بھر سے مخلصین ومحبین اور مہمانوں کے قافلے مبارکباد کے لئے آتے رہے آنے والے مہمانوں میں اکابر علماء، مشائخ، دینی مدارس اور کالج کے طلبہ، اساتذہ، قومی اور صوبائی اسمبلی کے ممبران، سرکاری افسران، سیاسی رہنما، وزراء غرض ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔ اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ اور مولانا سمیع الحق صاحب کے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں کامیابی پر ملک وبیرون ملک سے مخلصین اور احباب کے کثرت سے مبارک باد کے خطوط آرہے ہیں۔ ان حضرات کی کوشش یہ ہے کہ فرداً فرداً ہر ایک کو شکریہ کا جواب لکھا جائے۔ کثرتِ کار اور روزانہ کی بے شمار ڈاک کی وجہ سے جن احباب کو ابھی تک جواب نہیں پہنچ سکا یا ڈاک کی بے نظمی کی وجہ سے ضائع ہوگیا یا بہت سے وہ احباب جن کے پتے ان کے خطوط پر درج نہیں تھے۔ خاص طور پر ٹیلیگرام بھیجنے والے جن کے پتے معلوم نہ ہوسکے تو ایسے تمام خطوط لکھنے والے اور ٹیلی گرام بھیجنے والے احباب کا ہر دو حضرات شکریہ ادا کرتے ہیں اور دعائیں پیش فرماتے ہیں۔ (عبدالقیوم حقانی)

ماہنامہ **انوارِ مدینہ** لاہور

سرپرست
شیخ طریقت حضرۃ مولانا خان محمد صاحب مدظلہ
سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ

مدیر
حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب
دارالہدیٰ بھکر

مقام رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، مقام اصحاب کرام رضی اللہ عنہم، مقام اہل بیت عظام رضی اللہ عنہم، مسئلہ حفاظت قرآن مسئلہ بنات طاہرات رضی اللہ عنہن، مسئلہ خلافت، مسئلہ امامت، مسئلہ قرطاس، مسئلہ فدک اور دوسرے لاتعداد مسائل پر اہل سنت کا مسلک پیش کیا جارہا ہے۔ امام اہل سنت حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوی کے علمی وتحقیقی مضامین بھی ہر شمارے میں شائع ہورہے ہیں جو ساٹھ پینسٹھ سال پہلے کے "النجم لکھنو" کی نایاب فائلوں میں موجود ہیں۔

| | | |
| --- | --- | --- |
| قیمت فی پرچہ -/۳ روپے | رسالہ جنوری ۱۹۸۵ء سے نئے انتظامات کے تحت جاری ہے | سالانہ چندہ -/۳۰ روپے |

خط وکتابت اور ترسیل زر کا پتہ • ناظم ماہنامہ انوارِ مدینہ • محلہ عمر فاروق • بھکر



© rasailojaraid.com